مطبوعات

اصلاح معاشرہ میں نماز کا مقام | تالیف جناب بہاول خاں ناگرہ۔ شائع کردہ اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، شاہ عالمی گیٹ، لاہور۔ قیمت ایک روپیہ چھ آنے صفحات ۱۱۶

اس کتاب کے مصنف چوہدری بہاول خاں ناگرہ (خدا انہیں تادیر سلامت رکھے)، ایک ایسے بزرگ ہیں جو زندگی کے ابتدائی دور ہی سے اصلاح معاشرہ کی جدوجہد میں پیہم مصروف چلے آتے ہیں۔ انہوں نے اس سلسلہ میں نہایت قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔ آج سے چند سال بیشتر جب مجھے اُن کے گاؤں جانے کا اتفاق ہوا تو میں نے خود اپنی آنکھوں سے اُس خاموش انقلاب کے اثرات کو دیکھا جو ملت کے اس درویش نے اس بستی کے لوگوں کے اندر اپنے خلوص اور ان تھک کوشش سے برپا کیا ہے۔ اس انقلاب کا مرکز و محور اسلام ہے اور اس کا گہوارہ مسجد۔ انہوں نے بڑی کرم فرمائی کی کہ اپنے ان بیش قیمت تجربات کو کتاب کی صورت میں مدوّن کر دیا۔ جو لوگ اس نہج پر ٹھوس کام کرنا چاہتے ہیں وہ اس کتاب سے بہت زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کتاب کے ایک ایک لفظ سے فاضل مصنف کا خلوص جھلکتا ہے اور اس خلوص نے ہی اُن کی تحریر کے اندر روانی اور بے ساختہ پن پیدا کیا ہے۔ ہم اس کتاب کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

کتاب کا معیارِ طباعت نہایت اچھا ہے اور ہر لحاظ سے اسلامک پبلیکیشنز کے شایانِ شان۔

ماہنامہ چراغِ راہ (نظریہ پاکستان نمبر) | مرتبہ خورشید احمد صاحب ایم۔ اے ایل۔ ایل۔ بی و جناب محمود فاروقی صاحب۔ مقام اشاعت دفتر چراغِ راہ کراچی۔ قیمت پانچ روپے صفحات ۵۴۳

ماہنامہ چراغ راہ کا یہ خاص نمبر اپنے سابقہ نمبروں کی طرح سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اس میں فاضل مرتبین نے پاکستان کی آئیڈیالوجی کے متعلق جو مواد فراہم ہو سکتا ہے، اسے